کتب خانہ سرکاری

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور
بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۴ | مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۲ جمادی الثانی سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۱۲ جون سنہ ۱۹۴۱ء | جلد ۵۴

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	منظوری نسبت موسومی ہوسٹل خورشید گرلس اسکول باسم "برجیس منزل"	۲
۲	منظوری وصول فیس (درجات ششم تا دوازدہم) از طلبات رضا انٹر کالج	۲ تا ۳
۳	منظوری اضافہ گریڈ مسٹر امیر احمد خاں انجینیر روشنی برقی	۳

آرڈرز آن کونسل ۔ رامپور اسٹیٹ

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	منظوری اضافہ گریڈ مسٹر عبد الجبار خاں ایگزیکٹو انجینیر دوم پی ڈبلیو ڈی	۴
۲	" " " مسٹر محمود شاہ بیگ سپرنٹنڈنٹ نخاس	"
۳	عطائے اختیارات بصاحب سکریٹری ابنا صنعت و حرفت نسبت دائر کرنے استغاثہ حسب دفعہ ۱۹ قانون تنازعات اہل حرفہ ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۱ء (برائے یکسال)	۵

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- (مسودہ) واقع ۱۰ر جون ۱۹۲۱ء

بموجب رپورٹ خورشید گرلس اسکول کے نئے ہوسٹل کا نام "برجیس منزل" رکھا جانا منظور ہے۔ کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض   می رساند

جناب عالی

خورشید گرلس اسکول کی انتظامیہ کمیٹی کی استدعا ہے کہ استانیوں کے نئے ہوسٹل کا نام "برجیس منزل" رکھنے کی اجازت پیشگاہ معلےٰ سے عطا فرمائی جائے۔

عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر نے صدور حکم منظوری کے لئے رپورٹ کی ہے جو ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہے۔ ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم اجازت شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب آفتاب دولت واقبال تابان باد۔

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۱ر جون ۱۹۲۱ء

سررشتہ صدر سے حسب منشائے حکم ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۱۹ر جون ۱۹۲۱ء

دستخط خادم عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- (مسودی) واقع ۱۲ر جون ۱۹۲۱ء

بموجب رپورٹ۔ وصول فیس مجوزہ کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض   می رساند

جناب عالی

عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ صاحب سکریٹری بہادر تعلیمات نے سال گزشتہ رضا انٹر کالج کے درجات پنجم و ششم و ہفتم میں اجرائے فیس کو تجربہ سے مفید پاکر تحریک کی ہے کہ حسب صراحت ذیل فیس طلبائے رضا انٹر کالج کو آئندہ چار سال میں وصول کئے جانے کی منظوری فرمائی جاتے ہے۔

ARMY ORDER

BY

GENERAL HIS HIGHNESS THE NAWAB OF RAMPUR.

Dated Mussoorie, 16th June, 1941.

No. 12
Discipline

It has come to notice that a State Officer of Our First Infantry recently contracted a Preventable disease while on active service. Whereas "Other Ranks" forfeit Proficiency Pay & Bhatta whilst under treatment there is no penalty prescribed for officers.

It is therefore ordered that if any officer (State or Indian) in future contracts a preventable disease, he shall be placed on "Rampur Peace rates of Pay" during the period of treatment.

(Sd.) The Nawab of Rampur.

Original to be kept in Dar-ul-Insha.

Copy to :—

The Hon'ble Chief Minister,
The Hon'ble R. & F. Minister,
The Hon'ble Home Minister,
The Hon'ble I. G. of Police,
The Hon'ble Chief Justice,
The Hon'ble Chief Medical Officer,
The Hon'ble Minister I/c. Legislative Department,
The Hon'ble Military Secretary,
The Finance Secretary,
The Private Secretary,
The Asstt. Military Secretary,
The Ijlas-i-Humayun,
The O. C. Rampur (Rohilla) Lancers,
The O. C. 1st Rampur Infantry,
The O. C. 2nd Rampur (Murtaza) Infantry,
The O. C. Rampur Training Company,
The I/c. Medical Officer, Military Hospital,
The Bandmaster, Rampur State Band,
The State Press, for publication in the State Gazette.

بابت سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سنہ ۴۱-۱۹۴۲ء	نصف درہم	عــہ		مکہ
سنہ ۴۲-۱۹۴۳ء	"	پیر	"	سے
سنہ ۴۳-۱۹۴۴ء	"	مکر	"	محہ
سنہ ۴۴-۱۹۴۵ء	"	مکر	"	عہ

چنانچہ عالی مرتبت صاحب ہوم ممبر بہادر نے حسب صراحت بالا وصول فیس سے اتفاق کرتے ہوئے کاغذات برائے منظوری ارسال کئے۔ اسٹیٹ کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۱۰ جون سنہ ۱۹۴۱ء میں مجوزہ فیس کے وصول سے اتفاق کرلیا۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری وصول فیس حسب معروضہ بالا شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۱۴ جون سنہ ۱۹۴۱ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ ہو

۸ جون سنہ ۱۹۴۱ء

دستخط فار عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم (صدری) واقع ۱۵ جون سنہ ۱۹۴۱ء

مرتبہ عرضداشت عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری عطائے اضافہ گریڈ پندرہ روپیہ ماہانہ (منظور شدہ بجٹ سال رواں) مشاہرہ مسٹر امیر احمد خاں صاحب انجینیر برقی تنخواہ دار تین سو پچاس روپے ماہوار از تاریخ استحقاق یکم مئی سنہ ۱۹۴۱ء

حسب تصدیق صیغہ فائنانس

حکم

بموجب رپورٹ۔ مسٹر امیر احمد خاں انجینیر برقی کے اضافہ گریڈ پندرہ روپیہ ماہوار کی از یکم مئی سنہ ۱۹۴۱ء منظوری دی جاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈرزان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر ۷۳ :- واقع ۱۴ر جون ۱۹۴۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ر جون ۱۹۴۱ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری اضافہ گریڈ دس روپیہ ماہانہ بہ تنخواہ مسٹر عبدالجبار خاں صاحب انجنیر روڈس۔ از یکم مئی ۱۹۴۱ء پیش ہو کر واضح ہوا کہ تاریخ اضافہ کی تصدیق صیغہ فائنانس سے ہو چکی ہے اور رقم اضافہ بجٹ متعلق میں منظور ہو چکی ہے۔ لہذا

طے پایا کہ :-

حسب تجویز مسٹر عبدالجبار خاں صاحب انجنیر روڈس کی موجودہ تنخواہ میں دس روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ کی منظوری یکم مئی ۱۹۴۱ء سے دی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈر ۷۹ :- واقع ۱۸ر جون ۱۹۴۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ر جون ۱۹۴۱ء میں عالی مرتبت جناب فائنانس منسٹر بہادر کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ مسٹر محمود شاہ بیگ سینیر سپرنٹنڈنٹ فائنانس کو یکم مئی ۱۹۴۱ء سے دس روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ کا استحقاق ہو چکا ہے۔ رقم اضافہ بجٹ فائنانس سال رواں میں منظور ہو چکی ہے۔ کام قابل اطمینان ہے۔ لہذا اضافہ مذکور قابل عطائے منظوری ہے۔

طے پایا کہ :-

حسب تجویز، مسٹر محمود شاہ بیگ سینیر سپرنٹنڈنٹ فائنانس کی موجودہ تنخواہ میں یکم مئی ۱۹۴۱ء سے دس روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر ۸۴ واقع ۱۹ جون ۱۹۴۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ غیر معمولی منعقدہ ۱۹ جون ۱۹۴۱ء

میں طے پایا کہ :-

تحت دفعہ ۱۹ [illegible] سنہ ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور صاحبزادہ سید احمد علی خاں بہادر سکریٹری صنعت و حرفت کو تاریخ اشاعت اعلان ہٰذا سے برائے مدت ایک سال منجانب گورنمنٹ رامپور استغاثہ دائر کرنے کے اختیارات عطا کرتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔